## سوال

میں شادی شدہ لڑکی ہوں کچھ عرصہ سے مجھے وسوسوں نے آگھیرا ہے جس کی بنا پر مجھے کرنے میں مشکل درپیش ہے حتی کہ میں وضوء کے اعضاء مسلسل نہیں دھو سکتی، تقریبا وضوء کرنے میں ڈیڑھ گھنٹہ صرف ہوجاتا ہے وہ اس طرح کہ میرے دل میں آتا ہے میں نے وضوء مکمل نہیں کیا، اوراسی طرح غسل جنابت کرنے میں بھی کئی کئی گھنٹے صرف ہوجاتے ہیں خیال آتا ہے کہ میں ابھی پاک نہیں ہوئی، بلکہ مجھے نفسیاتی ہاسپٹل میں بھی داخل کرایا گیا، آپ کی میرے لیے کیا نصیحت ہے ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور دورود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اول :

آپ نفسیاتی امراض کے ہاسپٹل میں ڈاکٹروں کے پاس اپنا علاج جاری رکھیں، امید ہے کہ اللہ تعالی آپ کو شفایابی نصیب فرمائے، اوراس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے مدد مانگیں کہ اللہ تعالی آپ کو اس مرض سے نجات دے، اورجب آپ سونے کےلیے بستر پر لیٹیں تو آیۃ الکرسی اور صبح وشام تین بار درج ذیل دعائیں ضرور پڑھیں :

" بسم اللہ الذی لایضر معہ اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھوالسمیع العلیم "

اس اللہ کے نام سے جس کے نام سے زمین وآسمان میں کوئی بھی چيز نقصان نہیں دیتی، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

" اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق "

اور سوتے وقت سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، اور سورۃ الناس پڑھ کراپنے آپ کو دم کریں، وہ اس طرح کہ تینوں سورتیں پڑھ کر ہاتھوں میں پھونک ماریں اور جسم پر جہاں بھی ہاتھ جائے ہاتھ پھیریں، یہ تین بار کریں، اس کی دلیل بخاری شریف اور سنن اربعہ کی درج ذیل حدیث ہے :

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

" جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات بستر پر تشریف لاتے تواپنے دونوں ہاتھ اکٹھے کرکے " قل ھواللہ احد " اور " قل اعوذ برب الفلق " اور قل اعوذ برب الناس " پڑھتے اور ہاتھ میں پھونک کراپنے سر اور چہرے سے شروع کرکے جسم کے اگلے اور پچھلے حصہ پر جہاں بھی ہاتھ پہنچتا پھیرتے، اور ایسا تین بار کرتے تھے "

اور آپ اللہ تعالی سے شفایابی کی دعاء کرتے ہوئے درج ذیل دعاء پڑھا کریں :

" اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لا شفاء الا شفاءک شفاء لایغادر سقما "

اے لوگوں کے رب میری تکلیف اوربیماری دور کردے، اور مجھے شفایابی سے نواز توہی شفادینے والا ہے، تیرے علاوہ کوئی شفایابی نہیں دیتا، اور مجھے ایسی شفایابی نصیب کر جو کوئی بیماری اور تکلیف نہ چھوڑے "

یہ دعاء تین بار پڑھیں، اوراس کے ساتھ بے قراری والی درج ذیل دعاء بھی پڑھا کریں :

"لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب المساوات ورب الارض ورب العرش الکریم"

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو آسمان وزمین اور عرش کریم کا رب ہے

اور جب آپ وضوء یا ماہواری اور یا غسل جنابت سے فارغ ہوں تو آپ اعتماد رکھیں کہ آپ پاک ہوگئی ہیں، اور وسوسوں کو چھوڑ دیں، ان کی طرف دھیان مت دیں، اور غسل خانہ میں زیادہ دیر نہ رہیں، کیونکہ یہ شیطان کی جانب سے ہے، ان شاء اللہ اس طرح یہ وسوسے آپ سے دور ہونگے

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (223/5)

**1174**